"صحت و تندرستی ہر شہری کا حق " ، جنرل ہسپتال انتظامیہ کا 2020 کا ماٹو

بہترین خدمت کے عزم کے ساتھ تعلیم وتربیت اور تحقیق کے سنگ میل عبور کریں گے: پروفیسر الفرید ظفر

ٹونٹی ٹونٹی مریضوں کیلئے جدید طریقہ علاج اور بھرپور سہولیات کی فراہمی کا سال ہوگا: پرنسپل اے ایم سی

پی جی ایم آئی سے فارغ التحصیل ہونے والے ڈاکٹرز دنیا بھر میں پاکستان کے سفیر کے طور رکام کرتے ہیں: سربراہ انسٹی ٹیوٹ کی گفتگو

لاہور کیم جنوری: ......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر سردار الفرید ظفر نے 2020 کے آغاز پر ادارے کے ڈاکٹرز، طلبہ، نرسنگ سٹاف و طالبات اور دیگر ملازمین کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ایل جی ایچ، پی جی ایم آئی، امیر الدین میڈیکل کالج، الائیڈ ہیلتھ سائنسز سکول اور نرسنگ کالج انتظامیہ نے سال نو کیلئے "صحت وتندرستی ہر شہری کا حق" کا ماٹو منتخب کیا ہے لہذا تمام سٹاف کو مریض دوست رویہ اپنانے اور ایل جی ایچ میں آنے والے ہر شخص سے خندہ پیشانی سے پیش آنے کے عزم کی تجدید کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سالوں کی طرح نئے سال کے دوران بھی جنرل ہسپتال کو جدید طبی سہولیات سے آراستہ ایک جدید علاج گاہ میں بدلنے اور امیر الدین میڈیکل کالج کو طبی تعلیم کا مثالی ادارہ بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی طرح 2020ء کے دوران بھی یہ ادارے انسانی صحت اور بیماریوں کے علاج کے حوالے سے اپنی شاندار کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ پرنسپل نے کہا کہ پی جی ایم آئی سے فارغ التحصیل ہونے والے ڈاکٹرز دنیا بھر میں پاکستان کے سفیر کے طور رکام کرتے ہیں اور ان کا رویہ ادارے کی پہچان ہوتا ہے۔ انہوں نے نوجوان ڈاکٹروں سے کہا کہ وہ میڈیکل کے شعبے میں ہونے والی تحقیق پر توجہ مرکوز کریں تا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کے مشن کو احسن طریقہ سے آگے بڑھایا جا سکے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ جنرل ہسپتال کی انتظامیہ نے ڈینگی اور پولیو کے خلاف جنگ سے لے کر ہر امراض کے علاج تک ہر طبی شعبے میں ہمیشہ شاندار کارکردگی دکھائی ہے اسی طرح ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج کے فارغ التحصیل طلبا و طالبات بنی نوع انسان کی خدمت کے نئے باب رقم کریں گے اور شہریوں کیلئے علاج معالجے کی سہولیات کا معیار مزید بلند ہوگا۔